فوری ریلیز کے لیے: 8/9/2022　　　　　　　　　　　　　　　　گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے پورٹ اتھارٹی کی JFK تبدیلی کی جانب ایک اہم قدم آگے بڑھاتے ہوئے 9.5$ بلین کے نئے ٹرمینل ون کے سنگ بنیاد کا اعلان کیا ہے***

***2.4 ملین مربع فٹ پر محیط بین الاقوامی ٹرمینل کو موجودہ T2 T1 اور سابقہ T3 کی سائٹس پر مرحلہ وار تعمیر کیا جائے گا۔***

***آمد اور روانگی کے ہال اور پہلے نئے گیٹس 2026 میں فعال ہوں گے۔***

***نیا ٹرمینل ون JFK بین الاقوامی ایئرپورٹ کا سب سے بڑا ٹرمینل ہو گا اور 18$ بلین کی تبدیلی کے پروجیکٹ کے ایک لازمی حصے کی نمائندگی کرتا ہے جس پر اب کام جاری ہے۔***

***ٹرمینل کی پوری لاگت کا احاطہ کرنے کے لیے نجی شرکاء؛ معاون روڈ اور یوٹیلیٹی کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے پورٹ اتھارٹی سرمایہ کاری فراہم کرے گی***

***جدید ترین ٹیکنالوجی، پائیداری کے لیے بہترین طریقہ ہائے کار، عوامی فن، مشہور مقامی رعایتوں اور جدید خطوط پر بنائی گئی روڈ ویز مسافروں کو عالمی درجے کا احساس دیں گی۔***

***اس پروجیکٹ سے مجموعی طور پر 10,000 سے زیادہ ملازمتیں پیدا ہوں گی جن میں یونین کنسٹرکشن کی 6,000 ملازمتیں شامل ہیں***

***اس میں ٹھیکوں اور سرمایہ کاری کے منافع جات کے لیے 30 فیصد MWBE کا ہدف؛ کمیونٹی ایڈوائزری کونسل کی رہنمائی میں مقامی کاروباروں اور ملازمت کے متلاشیوں کے لیے وسیع مواقع شامل ہیں***

***نئے ٹرمینل کے لیے تفصیلات [یہاں] دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج پورٹ اتھارٹی کی جانب سے John F. Kennedy بین الاقوامی ائیرپورٹ میں تبدیلی کرنے کے ایک اہم سنگ میل کی تقریب میں شرکت کی جس میں نجی طور پر نئے ٹرمینل ون کی سرمایہ کاری کے ساتھ، 9.5$ بلین کا سنگِ بنیاد رکھا گیا۔ گزشتہ سال کے آخر میں پورٹ اتھارٹی اور نیو ٹرمینل ون کے درمیان ایک معاہدے پر نظرثانی کرنے کے بعد تعمیر کا آغاز کیا گیا ہے - جو کہ مالی اسپانسرز کا ایک کنسورشیم ہے - تاکہ John F. Kennedy بین الاقوامی ائیر پورٹ کی جنوبی جانب قائم ہونے والے، 2.4 ملین مربع فٹ پر محیط، جدید ترین نئے بین الاقوامی ٹرمینل کو تعمیر کیا جائے اور 10,000 ملازمتیں پیدا کی جائیں، جن میں سے 6,000 ملازمتیں تعمیرات میں ہوں گی۔

"ریاست نیویارک کے ائیر پورٹس پر ہماری جدید ترین تزئین و آرائش انتہائی اہم ہے اور عرصے سے التوا کا شکار تھی - خاص طور پر JFK پر، جو دنیا کے سامنے ملک کا مرکزی دروازہ ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جو سرمایہ کاریاں ہم آج کر رہے ہیں وہ یقینی بنائے گی کہ نیویارک کے تمام باشندے، اور ہر سال یہاں آنے والے لاکھوں

لوگ، آنے والے کل میں اول درجے کے سفر کا تجربہ حاصل کریں - جبکہ اس سب کے دوران 10,000 سے زائد ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ ہر وہ شخص مبارک اور شکریے کا مستحق ہے جس نے تبدیلی لانے کے اس پروجیکٹ کو ممکن بنانے کے لیے کئی برسوں تک محنت کی ہے۔"

بین الاقوامی ہوائی سفر کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے ڈیزائن شدہ، یہ نیا ٹرمینل ون، ٹرمینل 1 اور ٹرمینل 2 کے سائز سے دوگنا بڑا ہو گا۔ روشن اور ہوا دار چیک ان ہالز اور آمد کی جگہوں کی سیکیورٹی کی جدید ٹیکنالوجی اور ایک جدت آمیز بیگیج ہینڈلنگ سسٹم مسافروں کے تجربے کو بہترین بنائے گا۔ نئے ٹرمینل ون سے ان گیٹس کی تعداد دوگنی ہو جائے گی جہاں اس وقت وسیع باڈی والے ہوائی جہاز کھڑے ہوتے ہیں، جس میں 23 نئے گیٹس میں سے 22 کو بڑے ہوائی جہازوں کے لیے بنایا گیا ہے جو بین الاقوامی سفر کے لیے اہم ہوتے ہیں۔

300,000 مربع فٹ سے زیادہ عالمی معیار کے، مقامی انداز والے کھانے اور پرچون رعایتیں، نیز لاؤنجز، درونِ خانہ سبزے کی جگہیں، متاثر کن عوامی آرٹ، خاندان دوست سہولیات اور نئے سرے سے بنائی گئی روڈ ویز کے ہمراہ، یہ نیا ٹرمینل ون صارفین کو عالمی معیار کا احساس فراہم کرے گا جس کی توقع عالمی گیٹ وے پر کی جا سکتی ہو، اور یہ دنیا کے چند سب سے بلند درجے پر شمار ہونے والے ائیرپورٹ ٹرمینلز کی صف میں شامل ہو جائے گا۔

2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے بالکل صفر اخراج تک پہنچنے کے لیے پورٹ اتھارٹی کے عزم کو برقرار رکھتے ہوئے، ٹرمینل کو مستحکم طریقے سے ڈیزائن کیا جائے گا اور مستقبل پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی، جس میں سائٹ پر قابل تجدید توانائی کی پیداوار، برقی گراؤنڈ کے معاونتی آلات اور بہتر لائٹنگ اور بلڈنگ کنٹرولز شامل ہیں۔

ابتدائی طور پر 2020 میں اس سنگِ بنیاد کا رکھا جانا متوقع تھا، لیکن COVID- 19 کی عالمی وبا کے ہوائی سفر پر ہونے والے گہرے اثرات کے لیے ضروری تھا کہ پورٹ اتھارٹی اور نیو ٹرمینل ون (NTO) کنسورشیم، نئے ٹرمینل کی تعمیر اور اسے چلانے کی خاطر گزشتہ معاہدے کی تشکیل نو کریں۔ ایک نظرثانی شدہ معاہدے کی منظوری پورٹ اتھارٹی بورڈ آف کمشنرز کی جانب سے دی گئی تھی اور دسمبر 2021 میں گورنر Hochul نے اس کا اعلان کیا تھا، جس سے اس پروجیکٹ کا آگے بڑھنا ممکن ہو گیا تھا۔

جون میں، پورٹ اتھارٹی کے بورڈ نے بھی اس پروجیکٹ میں ایک نئے مرکزی سرمایہ کار کی منظوری کے لیے ووٹ دیا تھا۔ Ferrovial، جو عالمی سطح کے ٹرمینلز بنانے کا تجربہ رکھنے والے ائیرپورٹس کے ایک عالمی آپریٹر ہیں، نیو ٹرمینل ون میں Carlyle گلوبل انفراسٹرکچر فنڈ کے 51 فیصد حصص کا 96 فیصد حاصل کر چکے ہیں۔ مالیاتی شراکت دار ULLICO اور JLC بنیادی ڈھانچے پر مشتمل یہ کنسورشیم، جدید ترین ٹرمینل کا ڈیزائن تیار کرے گا، اس کی تعمیر کرے گا اور اس کو چلائے گا۔

نجی طور پر NTO کنسورشیم کی جانب سے ٹرمینل کی پوری لاگت ادا کی جائے گی۔ ایک نئے الیکٹریکل سب سٹیشن سمیت، پورٹ اتھارٹی، پروجیکٹ کے حصے کے طور پر سڑکوں، پارکنگ اور یوٹیلیٹیز سمیت بنیادی ڈھانچے کو جدت آمیز بنانے کا اور بہتری کا کام کرے گی۔ یہ پروجیکٹ مرحلہ وار تعمیر کیا جائے گا، جس میں آمد اور روانگی کے ہال اور 14 نئے دروازوں کا افتتاح 2026 میں کیا جائے گا اور 2030 میں ٹرمینل کے آخری نو گیٹ مکمل کیے جائیں گے۔

موجودہ کم سائز کے اور پرانے ٹرمینل 1، 60 سال پرانے اور فرسودہ ٹرمینل 2 کی جگہوں، اور 2014 میں منہدم کردہ سابقہ ٹرمینل 3 کی جگہ، یہ نیا ٹرمینل ون بنایا جائے گا۔ تعمیراتی کام کے دوران فلائٹ آپریشن کو مکمل طور پر جاری رکھنے کے لیے پرانے ڈھانچوں کے انہدام کو نئی سہولیات کے آغاز کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے گا۔ ٹرمینل 3 کی خالی جگہ پر کام شروع کر دیا جائے گا۔ 2023 میں ایک نئے توسیع شدہ اور جدید ٹرمینل 4 پر ڈیلٹا ایئر لائنز کے آپریشنز کو فعال کرنے کے بعد ٹرمینل 2 کو منہدم کر دیا جائے گا۔ 2026 میں نئے ٹرمینل ون کا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد موجودہ ٹرمینل 1 کو ڈھا دیا جائے گا، جس کے بعد پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے کا آگے بڑھنا ممکن ہو گا۔

**پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین Kevin O'Toole نے کہا،** "نئے ٹرمینل ون کے لیے آج جو سنگ بنیاد رکھا گیا ہے وہ اس بات کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم کی عکاسی کرتا ہے کہ ہمارا خطہ ہی دنیا کے لیے قومی گیٹ وے کے منصب پر فائز رہے۔ جب یہ مکمل ہو جائے گا، تو یہ نیا ٹرمینل ہمارے ائیرپورٹس کو بلند مرتبوں پر نئے سرے سے فائز کرنے کے لیے ایک اور اہم قدم کی نمائندگی کرے گا جو مسافروں کو ایک مستحکم طریقے سے عالمی معیار کا تجربہ فراہم کرے گا جبکہ نواحی کمیونٹی کے لیے معاشی انجنز کا کام کرے گا۔"

**پورٹ اتھارٹی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Rick Cotton نے کہا،** "پورٹ اتھارٹی کے ائیرپورٹس کی تاریخ میں نیا ٹرمینل ون کا پروجیکٹ سب سے بڑی اور جرات مندانہ سرکاری نجی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتا ہے، جس میں 9.5$ بلین کی نجی سرمایہ کاری کا عزم شامل ہے، یہ سب کچھ نجی سرمایہ کاروں کی جانب سے نیویارک پر یقین کرتے ہوئے، خطے پر یقین رکھتے ہوئے اور JFK انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے مستقبل پر یقین رکھتے ہوئے پیش کیا گیا ہے۔ ہمارا واضح مقصد یہ ہے کہ دنیا کے سرفہرست 10 ایئر لائن ٹرمینلز میں سے ایک بنایا جائے، اور آج عالمی معیار کے نئے ٹرمینل ون کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے، JFK ایک عالمی گیٹ وے بننے کی راہ پر گامزن ہے جو اس خطے کا حق ہے۔"

**پورٹ اتھارٹی کے وائس چیئرمین Jeffrey Lynford نے کہا،** "بین الاقوامی سفر کے لیے JFK انٹرنیشنل ایئرپورٹ نہ صرف ملک میں سب سے مصروف ترین ایئرپورٹ ہے، جو باقی دنیا سے اہم رابطے پیدا کرتا ہے، بلکہ یہ ہمارے پورے خطے کے لیے ایک اہم معاشی انجن بھی ہے۔ آج نئے ٹرمینل ون کا سنگ بنیاد رکھنا JFK کو عالمی معیار کے گلوبل گیٹ وے میں تبدیل کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے جو ہمارے خطے کی معاشی ترقی کو آگے لے جائے گا اور اچھی تنخواہ والی ہزاروں ملازمتیں پیدا کرے گا۔ خطے کے ائیرپورٹس کو عالمی معیار کے گیٹ ویز میں تبدیل کرنے کے لیے پورٹ اتھارٹی کا پروگرام عالمی وبا سے بحال ہونے اور مستقبل کی بنیاد بنانے کی ہماری ان کوششوں میں اہم کردار ادا کرے گا۔"

**نیو ٹرمینل ون کے چیف ایگزیکٹیو افسر، ڈاکٹر Gerrard P. Bushell نے کہا،** "جب یہ پروجیکٹ مکمل ہو جائے گا، تو ہمارے سامنے ایک عالمی معیار کا ٹرمینل موجود ہو گا جس کا ڈیزائن پائیدار اور مستقبل پر مرکوز ہو گا، اور یہ دنیا کے ایک عظیم ترین شہر کے لیے ایک نیا گیٹ وے ہو گا۔ کمیونٹی اور مزدور طبقے کے ساتھ اپنی وسیع شراکت داری کے ذریعے، ہم تاریخی طور پر MWBE کی شرکت کے اعلیٰ اہداف کو آگے بڑھائیں گے، اور آئندہ نسلوں تک اس کمیونٹی کے لیے ملازمتیں اور حقیقی معاشی مواقع فراہم کریں گے۔"

**بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل آف گریٹر نیویارک کے صدر Gary LaBarbera نے کہا،** "JFK انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایک نئے ٹرمینل ون کے لیے آج جو سنگ بنیاد رکھا گیا ہے وہ ایک اور اہم، بڑے پیمانے پر بنیادی ڈھانچے کے اپ گریڈ کے آغاز کی نمائندگی کرتا ہے جو نیویارک کی معاشی بحالی میں مسلسل ایک اہم کردار ادا کرے گا اور متوسط طبقے کے لیے مراعات سمیت، ہزاروں اچھی تنخواہ والے کیریئر پیدا کرے گا۔ اب پہلے سے کہیں زیادہ، ہمیں ایسے ترقیاتی پروجیکٹس کی ضرورت ہے جو ہمارے شہر کے کام کرنے والے لوگوں کے لیے کیریئر کے پائیدار مواقع مہیا کریں، اور ہم گورنر Hochul کی مسلسل قیادت اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ان تھک لگن پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ روزگار پیدا کرنے والے یہ پروجیکٹس نیویارک میں ایک نئے دور کے باب کا آغاز کریں۔ JFK بین الاقوامی ایئرپورٹ کو مکمل طور پر جدید بناتے ہوئے ایک مثالی، عالمی معیار کی آمد ورفت کے مرکز میں تبدیل کرنے کی خاطر اپنے کام کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے ہمارے اراکین تیار ہیں اور منتظر ہیں جس کے نیویارک کے باشندے اور ہمارے مہمان واقعی مستحق ہیں۔"

**JFK کو عالمی معیار کے گلوبل گیٹ وے میں تبدیل کرنا**

نئے ٹرمینل ون کی تعمیر ائیرپورٹ کی تبدیلی کے دیگر تین اہم اجزاء کی رفتار پر منحصر ہے۔ 3.9$ بلین سے جدید ترین نئے ٹرمینل 6 کا ترقیاتی کام، جو JFK Millennium Partners کی جانب سے ایئرپورٹ کے شمال کی طرف تعمیر کیا جائے گا جو JetBlue کے موجودہ ٹرمینل 5 سے ہموار انداز میں متصل ہو گا اور اگست 2021 میں اسے پورٹ اتھارٹی بورڈ آف کمشنرز نے منظور کیا تھا۔ ڈیلٹا ایئر لائنز اور JFK انٹرنیشنل ایئر ٹرمینل کی قیادت میں، ٹرمینل 4 کی 1.5$ بلین کی توسیع کو موسم بہار میں منظور کیا گیا تھا اور یہ اب زیر تعمیر ہے۔ مزید برآں، دسمبر

2019 میں 425$ ملین سے JFK کے ٹرمینل 8 کی توسیع پر کام شروع ہوا، جس کی قیادت امریکن ایئر لائنز کر رہی ہے، جو ٹرمینل کو چلاتی ہے، اور برٹش ایئرویز کر رہی ہے، جو کہ اس سال کے آخر میں اس پروجیکٹ کے مکمل ہونے کے بعد ٹرمینل 7 سے ٹرمینل 8 میں منتقل ہو جائے گی۔

پورٹ اتھارٹی کے روڈ وے، پارکنگ اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس کے ساتھ مل کر، مشترکہ طور پر، نجی طور سرمایہ کاری سے چلنے والے ٹرمینل پروجیکٹس، JFK انٹرنیشنل میں 18$ بلین کی تبدیلی اور سرکاری نجی سرمایہ کاریوں کے ایک غیر معمولی سلسلے کی نمائندگی کرتے ہیں۔ پورٹ اتھارٹی کی 2.9$ بلین کی سرمایہ کاری کو پانچ بہ نسبت ایک کی شرح سے زائد پر نجی سرمایہ کاری سے فائدہ پہنچ رہا ہے کہ جب 15$ بلین سے زیادہ کی مکمل نجی سرمایہ کاری کو مدنظر رکھا جائے جس کو JFK کی بحالی نو کے مکمل پروگرام پر مشتمل چار پروجیکٹس کے لیے مخصوص کیا گیا ہے۔

**نمائندہ Gregory Meeks نے کہا،** "JFK میں نئے ٹرمینل ون کی تعمیر یہ ظاہر کرتی ہے کہ کمیونٹی کی ضروریات اور مسافروں کے تجربے کو توجہ کا مرکز بناتے ہوئے آمد و رفت کے اہم مراکز کو جدید بنانا کسی خطے کی معاشی ترقی کے لیے کس طرح اہم ہے۔ تبدیلی کے اس پروجیکٹ میں بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری سے ہزاروں اچھی ملازمتیں اور دیگر فوائد کے ساتھ MWBE اور مقامی ٹھیکوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔ کمیونٹی ایڈوائزری کونسل کے شریک چیئرمین کے طور پر، میں JFK کے نواحی علاقوں کے لیے مضبوط افرادی قوت کے ترقیاتی پروگراموں، کاروباری ترقی کے مواقع، تعلیمی پروگراموں اور ماحولیاتی پائیداری کے وعدوں کو پورا کرنے کے لیے اپنے تمام شراکت داروں کے ساتھ کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Leroy Comrie نے کہا،** "JFK ائیرپورٹ ہمارے خطے کو دنیا سے جوڑتے ہوئے، ایک اہم گیٹ وے کا کام کرتا ہے۔ یہ سنگ بنیاد JFK میں بہتری لانے اور سرمایہ کاری کرنے کے لیے نیویارک کے عزم کی عکاسی کرتا ہے جو اس سہ ریاستی علاقے کی مستقبل کی آمد و رفت کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے۔ میں گورنر Hochul کی قیادت، پورٹ اتھارٹی کے جفاکش کام، اور ان تمام لوگوں کا شکر گزار ہوں جو JFK کے لیے عظمت کے اس نئے دور کی تشکیل میں حصہ لے رہے ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Joseph P. Addabbo, Jr. نے کہا،** "John F. Kennedy بین الاقوامی ائیرپورٹ کے نئے ٹرمینل ون کا سنگ بنیاد رکھنا نیویارک کے مستقبل کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ اپنے بنیادی ڈھانچے میں یہ اہم سرمایہ کاریاں کرتے ہوئے ہم نیویارک کے شہریوں اور سیاحوں کو یہ پیغام دے رہے ہیں کہ ہم ایک زیادہ موثر ائیرپورٹ بنا کر اپنی ریاست تک آنے اور جانے کے سفر کے دوران ان کے لیے ایک بہترین تجربہ فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ یہ پروجیکٹ، یونین کی تعمیراتی ملازمتوں سمیت، نیز ٹرمینل کھلنے پر ملازمت کے اضافی مواقع سمیت، ہزاروں نئی ملازمتیں پیدا کرے گا۔"

**ریاستی سینیٹر James Sanders, Jr. نے کہا،** "اگرچہ ہمارا کام کمیونٹی مراعات کے معاہدے کا ہے، لیکن ہم اب تک کی پیش رفت کو سراہتے ہیں۔ JFK کا ٹرمینل 1 سلامتی، کارکردگی اور استعمال کے قابل بنانے کا انتظام کرتے ہوئے سفر کو رہائشیوں اور آنے والوں کے لیے ایک بہتر، زیادہ خوشگوار تجربہ بنا دے گا، اور اس گیٹ وے کو جدید دور کی صفِ اول میں لے آئے گا۔"

**رکن اسمبلی Stacey Pheffer Amato نے کہا،** "ٹرمینل ون کا سنگ بنیاد رکھنے سے نئے روزگار اور کارکنوں کے لیے ایک مضبوط معاشی موقع فراہم کرنے کے لیے ہماری ریاست کے واضح ہدف کا اظہار ہوتا ہے، یہ سب کچھ کرتے ہوئے ماحولیاتی طور پر ذمہ داری کو مدِنظر رکھا گیا ہے۔ اس سرمایہ کاری کے ذریعے، اور ہمارے ریاست کی طرف سے ایک بے لوث عزم کے ذریعے، ہم اس بات کو یقینی بناتے ہوئے اکیسویں صدی میں ساؤتھ کوئینز اور JFK میں ملازمتوں میں اضافے کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ہمارا ائیرپورٹ فعال ہو رہا ہے اور انتہائی جدید اور توانائی کی بچت والی دستیاب ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہا ہے۔ ہماری کمیونٹی، ہماری ریاست اور نیویارک کے باشندوں کے لیے یہ بات ایک ثبوت ہے۔"

**رکن اسمبلی Alicia Hyndman نے کہا،** "JFK ائیرپورٹ کے لیے یہ ایک ولولہ انگیز سنگِ میل ہے۔ جہاں JFK ٹرمینل ون پروجیکٹ یقینی طور پر ائیرپورٹ کی خدمات کو وسعت دے گا، وہیں اس کی تعمیر سے افراد اور کاروبار کے لیے مزید ملازمتیں بھی پیدا ہوں گی۔ اس نئے ٹرمینل کی تعمیر کے دوران معیاری تربیت ضرورت پڑنا اور فراہم کرنا اور اس مثبت منتقلی کا تجربہ حاصل کرنے کے لیے ملازمین کو صارفین کے ساتھ گفتگو کے لیے آمادہ کرنا ایک لازمی امر ہے۔ آخر کار، مجھے اس بات کا یقین ہو گیا ہے کہ نیو ٹرمینل ون (NTO) کو ائیرپورٹ کے ٹرمینلز کا ایک نیا معیار تسلیم کیا جائے گا اور مسافروں کے آرام کے مطابق اس کو ڈیزائن کیا جائے گا۔"

**رکن اسمبلی Michaelle C. Solages نے کہا،** "آج، ہم JFK بین الاقوامی ائیرپورٹ کی نئی ترقی کی راہ میں ایک اہم سنگِ میل رکھنے کے لمحے کا جشن منا رہے ہیں۔ ٹرمینل ون پروجیکٹ کی تکمیل کے ساتھ، ہم اکیسویں صدی کے سفر کے تقاضوں کو پورا کرنے کے مزید قریب ہوتے جا رہے ہیں۔ میں اس شاندار کامیابی پر گورنر Hochul ، مزدور طبقے، اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو داد دیتی ہوں اور ایک عالمی معیار کے، اعلیٰ ترین درجے کے ٹرمینل کی امید کرتی ہوں جو JFK پر سب سے بڑا بین الاقوامی ٹرمینل ہو گا۔"

**کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards Jr. نے کہا،** "یہ کوئینز کے لیے اور Kennedy ائیرپورٹ کے ذریعے جن لاکھوں مسافروں کا ہم اپنے شہر میں خیرمقدم کرتے ہیں ان کے لیے واقعی ایک تاریخی دن ہے، کیونکہ ہم اپنی بورو کی تاریخ کے سب سے بڑے بنیادی ڈھانچے اور معاشی ترقی کے پروجیکٹس میں سے ایک کا سنگِ بنیاد رکھ رہے ہیں۔ کم از کم 10,000 ملازمتیں پیدا کرنے والا، جن میں سے بہت سی مقامی شہریوں کو میسر آئیں گی، اور کوینز کے کاروباروں کو لاکھوں ڈالر کے ٹھیکے دینے والا، یہ بالکل نیا ٹرمینل ون کوئینز کی معیشت کے لیے، اہم ایوی ایشن انڈسٹری کے لیے اور مجموعی طور پر علاقے کے لیے ایک ناقابل بیان حد تک اہم ترقیاتی عمل ہو گا۔ گورنر Hochul ، پورٹ اتھارٹی اور ہر ایک شراکت دار کا شکریہ جنہوں نے آج کا دن ممکن بنانے میں مدد کی۔"

**نیویارک سٹی کونسل کی سپیکر Adrienne Adams نے کہا،** "JFK ائیرپورٹ نیویارک شہر کے میٹروپولیٹن علاقے کے لیے ایک اہم گیٹ وے ہے اور جنوب مشرقی کوئینز کا ایک اہم معاشی انجن ہے۔ نیا ٹرمینل ون ملازمتیں پیدا کرے گا، چھوٹے کاروباروں کے لیے نئے مواقع فراہم کرے گا، اور سیاحوں اور نیویارک کے باشندوں کے لیے سفر کے تجربے کو بہتر بنائے گا۔ یہ پروجیکٹ مقامی روڈ ویز اور بنیادی ڈھانچے کو بھی بہتر بنائے گا، جو ائیرپورٹ کی نواحی کمیونٹیز کی ترقی کے لیے اہم ہے۔ جیسا کہ JFK ائیرپورٹ کے ترقیاتی کام میں پیش رفت ہو رہی ہے، میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ شراکت داری جاری رکھنے کی خواہاں ہوں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جنوب مشرقی کوئینز اور نیویارک کے تمام شہری اس اہم سرمایہ کاری سے بہرہ مند ہوں۔"

**نیویارک وٹی کونسل اکثریتی Selvena N. Brooks-Powers نے کہا،** "پورٹ اتھارٹی کے لیے بیرونی امور اور کمیونٹی آؤٹ ریچ کی سابقہ مینیجر کے طور پر، میں 9.5$ بلین کے جدید ترین ٹرمینل ون پروجیکٹ کا آغاز کرنے پر شکر گزار ہوں جن سے 10,000 ملازمتیں پیدا ہو رہی ہیں، کہ جن میں سے 6,000 یونین پوزیشنیں ہیں۔ JFK بین الاقوامی ائیرپورٹ جو پہلے سے ہی ایک بین الاقوامی نقل و حمل کا مرکز ہے، وہ اب حقیقی معنوں میں تعمیراتی ملازمتوں، MWBE کاروباری موقع، اور ایسٹ کوسٹ پر عالمی معیار کی آمد و رفت کا مرکز بن جائے گا۔ میں جنوب مشرقی کوئینز میں چھوٹے اور مقامی MWBE کاروباروں تک رسائی کو بڑھانے، ہمارے نوجوانوں کے لیے تعلیمی مواقع پیدا کرنے اور JFK کے نئے ترقیاتی پروجیکٹ کے ذریعے بنیادی ڈھانچے میں مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنے منتخب شدہ ساتھیوں کے ساتھ کام کرنے کی منتظر ہوں۔"

**رکن کونسل Nantasha Williams نے کہا،** "ایک کونسل ممبر بننے سے پہلے، میں نے JFK کے نئے ترقیاتی پروگرام کے لیے کام کیا تھا، اور سفری صنعت کو تباہ کر دینے والی ایک عالمی وبا کے باوجود تمام پیش رفت کو دیکھ کر بہت خوشی ہو رہی ہے۔ یہ پروجیکٹ ہمارے ملک کے اہم ائیرپورٹس میں سے ایک کے مستقبل کا نقشہ بدل دے گا۔ اس ٹرمینل ون کا سنگ بنیاد رکھنا ہی اس بڑے اثاثے کے احیائے نو کی جانب ایک قدم ہے۔ جب میں اس پر کام کر رہی تھی تب سے ہی اس پراجیکٹ پر ہونے والی پیش رفت کو دیکھ کر میں خوش ہوں اور میں اس کی تکمیل کی راہ دیکھ رہی ہوں۔ یہ نیا جدید ترین ٹرمینل رہائشیوں اور ائیرپورٹ پر آنے والے مہمانوں دونوں کو ایک بہترین تجربہ فراہم کرے گا۔ میں گورنر Hochul ، پورٹ اتھارٹی، نیو ٹرمینل ون کی ٹیم، اور ہر اس شخص کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی جنہوں نے اس پروجیکٹ میں کردار ادا کیا ہے۔"

**گریٹر جمیکا ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے صدر اورCEO Justin Rodgers نے کہا،** "ساؤتھ ایسٹ کوئینز اور جمیکا کے لیے JFK ائیرپورٹ زندگی کی علامت رکھنے والے خون جیسی اہمیت کا حامل ہے جو ہماری معاشی بقا کا بڑی حد تک ذمہ دار ہے۔ JFK میں مسلسل جاری یہ سرمایہ کاری دراصل ہمارے علاقے اور چھوٹے کاروباروں کی جانب سے کی گئی سرمایہ کاری کی ایک توسیع ہے۔ گورنر Hochul اور پورٹ اتھارٹی کا شکریہ کہ انہوں نے ہماری کمیونٹی کے لیے مواقع پیدا کرنے کا سامان کیا ہے۔"

**کوینز چیمبر اف کامرس کے صدر اور CEO Tom Grech نے کہا،** "کوینز میں قدیم ترین اور مصروف ترین کاروباری ایسوسی ایشن ہوتے ہوئے، ہمیں خوشی ہے کہ ہم JFK انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کی جانے والی اس تاریخی سرمایہ کاری سے تعمیری کام کا آغاز کرنے کے لیے گورنر Hochul، اور پورٹ اتھارٹی میں اپنے دوستوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ٹرمینل 1 پر عالمی معیار کا مسافری تجربہ پیدا کرنے کے لیے 9.5$ بلین کی اس سرمایہ کاری سے مقامی MWBEs کے لیے مواقع فراہم کیے جائیں گے اور ہمارے خطے کی معاشی بحالی کو ایک زبردست طاقت ملے گی۔ جدت آمیز تبدیلی کے اس پروجیکٹ میں کوئینز چیمبر کے ارکان نے جو کردار ادا کیا ہے ہمیں اس پر بے حد فخر ہے۔"

**قومی ایسوسی ایشن برائے اقلیتی ٹھیکداران کے نیویارک سہ ریاستی چیپٹر کے صدر Nayan Parikh نے کہا،** "ہم گورنر کی عظیم قیادت اور MWBE کمیونٹی کی ثابت قدمی کی حمایت پر گورنر Kathy Hochul کو مبارکباد دینا چاہیں گے۔ علاوہ ازیں، ہم پورٹ اتھارٹی کو 30 فیصد MWBE ہدف کے ساتھ 10,000 سے زیادہ ملازمتیں پیدا کرنے میں ان کی دور اندیشی کی داد بھی دینا چاہیں گے۔ NAMC اور ہمارا پُرعزم بورڈ اور ممبران اس مؤثر ترین کوشش کی دلجمعی سے حمایت کے لیے وسائل فراہم کرنے اور صلاحیت بڑھانے کے لیے تیار ہیں۔"

**نیویارک خواتین کے چیمبر آف کامرس کی صدر Quenia Abreu نے کہا،** "JFK کو تبدیل کرنے کے اس اہم قدم پر ہم گورنر Hochul اور پورٹ اتھارٹی میں اپنے دوستوں کو مبارکباد دیتے ہیں۔ JFK میں یہ تاریخی سرمایہ کاری MWBE کمیونٹی اور ہمارے پورے خطے کے لیے نئے معاشی مواقع پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہو گی، اور ہم اپنے شرکاء کے ساتھ اس اہم پروجیکٹ پر کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں۔"

**Rockaway ڈویلپمنٹ اور احیائے نو کی کارپوریشن کے صدر اور CEO، Kevin W. Alexander نے کہا،** "JFK ٹرمینل پروجیکٹ کے لیے گورنر Hochul کے B9.5$ کے اعلان کی وجہ سے کوئینز کے لیے آج ایک اور تاریخی دن ہے۔ نہ صرف ٹرمینلز 1,2 اور 3 کو استحکام بخشنے اور تبدیل کرنے کے لیے اپنے دور اندیش منصوبے پر بلکہ جنوب مشرقی کوئینز کے مہم جو کاروباریوں اور اقلیتی ملکیت والے کاروباروں کے لیے روزگار، کیریئرز اور آئندہ نسلوں کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیے ان کے مسلسل عزم کے لیے ٹرمینل ون ٹیم بہت زیادہ کریڈٹ کی حقدار ہے۔ JFK ایڈوائزری کونسل کے کیرئیر اور افرادی قوت ڈویلپمنٹ کمیٹی کے شریک صدر کے طور پر ہم گورنر Hochul ، پورٹ اتھارٹی آف NY & NJ اور ٹرمینل ون کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں تاکہ ملازمت کے ان مواقع اور کیریئر کے راستوں پر گامزن ہونے کے لیے اپنے مقامی باشندوں کو تیار کریں۔"

**Tom Wright، ریجنل پلان ایسوسی ایشن کے صدر اور CEO، نے کہا،** "JFK ائیرپورٹ میں اتنی بڑی سرمایہ کاری کو دیکھ کر RPA کو خوشی محسوس ہو رہی ہے، جس سے معاشی ترقی اور خطے میں مسابقت کو فروغ ملے گا اور لاگارڈیا کے مجموعی منظر نامے اور نیوارک لبرٹی ائیرپورٹس میں بڑی سرمایہ کاری پایہ تکمیل کو پہنچے گی۔ جیسا کہ RPA کے چوتھے علاقائی منصوبے میں ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں، کہ ہمارے ائیرپورٹس ہی ہمارے خطے کے لیے گیٹ وے ہیں اور ہماری مسلسل کامیابی اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہیں۔ ان سرمایہ کاریوں کے ساتھ، سرکاری نجی شراکت داریوں میں پورٹ اتھارٹی سرفہرست ہے، جو زیادہ بھروسے کے ساتھ بڑے پیمانے پر بہتری لا سکتی ہے اور دیگر علاقائی ایجنسیوں کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام انجام دے سکتی ہے۔ ہم اپنے خطے کے رہنماؤں اور پورٹ اتھارٹی کے ساتھ کام جاری رکھنے کے خواہاں ہیں تاکہ اپنے نظام کو عالمی معیار کے مطابق بحال کر سکیں۔"

**نیویارک بلڈنگ کانگریس کے CEO اور صدر، Carlo A. Scissura, Esq. نے کہا،** "نیویارک بلڈنگ کانگریس کو JFK کے نئے ٹرمینل ون پر تعمیر کا آغاز دیکھ کر بہت خوشی ہو رہی ہے — اور اس بات پر فخر بھی ہے کہ ہمارے ارکان اس کا ڈیزائن تیار کر رہے ہیں اور اسے تعمیر کر رہے ہیں۔ اس دن کو حقیقت کا روپ دینے پر Rick Cotton اور پورٹ اتھارٹی کے ہر فرد کے لیے مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔ ہمارے ائیرپورٹس ہی اس شہر کے لیے باقی دنیا کا گیٹ وے ہیں، اور نیویارک کو عالمی سیاحت کے پاور ہاؤس کے طور پر برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ ہمارے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرنے اور ہماری افرادی قوت کے لیے ہزاروں ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے گورنر Hochul اور ان کی انتظامیہ نے اپنی لگن کا مسلسل اظہار کیا ہے۔"

**Ferrovial کے چیئرمین،Rafael del Pino نے کہا،** "نیو ٹرمینل ون کنزورشیم کا حصہ بننے پر ہمیں فخر ہے اور ہمیں اپنے شراکت داروں اور نیویارک اور نیو جرسی کی پورٹ اتھارٹی کے ساتھ مل کر کام کرنے کا حوصلہ ملا ہے تاکہ اس شاندار پروجیکٹ کو کامیابی سے ہمکنار کیا جا سکے۔"

**JLC بنیادی ڈھانچے کے بانی اور مینیجنگ شراکت دار، Jim Reynolds نے کہا،** "جب کہ ہم کافی عرصے سے اس ترقیاتی کام کی کوشش کر رہے ہیں، تو آج کا دن اس بات کا نقطۂ آغاز ہے کہ ہم نے کیا کرنا طے کیا ہے۔ اگلے 38 سالوں میں عالمی معیار کے ٹرمینل کی فراہمی، بہت سے ملازمتیں اور مواقع تخلیق کرنا اور اچھے کاروبار کا انتظام کرنا ہمارا نصب العین ہے۔"

**Ullico Inc. کے CEO اور صدر،Ed Smith نے کہا،** "یہ نہ صرف امریکہ کا سب سے بڑا P3 بنیادی ڈھانچے کا پروجیکٹ ہے۔ بلکہ یہ اس بات کی ایک روشن مثال ہے کہ اپنی قوم کی تعمیر کے مشترکہ مشن کے لیے جب سب متحد ہو جاتے ہیں تو محنتی لوگوں، ان کی یونینز اور کاروباروں کے ساتھ کیا کچھ انجام دیا جا سکتا ہے۔"

**مقامی کمیونٹی کے شانہ بشانہ JFK ائیرپورٹ کو دوبارہ ترقی دینا**

2018 میں، JFK کی نو ترقیاتی کمیونٹی کی مشاورتی کونسل (Redevelopment Community Advisory Council) تشکیل دی گئی تھی۔ امریکی نمائندے Gregory Meeks اور کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards اس کی مشترکہ صدارت کے عہدے پر فائز ہیں، اور یہ منتخب عہدیداروں، کمیونٹی بورڈز، کاروباری اور غیر منافع بخش تنظیموں، شہری تنظیموں، اور جنوب مشرقی کوئینز، جنوب مغربی کوئینز، راک ویز ، اور نساؤ کاؤنٹی کے مغربی حصے کی ہدف شدہ مقامی کمیونٹیز کے پادری رہنماؤں پر مشتمل ہے۔

اپنے قیام کے وقت سے، پورٹ اتھارٹی کے ساتھ مل کر کمیونٹی آؤٹ ریچ کی کوششوں کو توسیع دینے اور کمیونٹی پر مرکوز پروگراموں کو تیار کرنے کے لیے یہ کونسل اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کام کر رہی ہے، کہ یہ پُرلگن پروجیکٹ مقامی اسٹیک ہولڈرز سے مسلسل فیڈ بیک حاصل کرے اور مقامی کاروباروں، MWBEs ، طلباء، اور روزگار تلاش کرنے والوں کے لیے بامعنی مواقع فراہم کرے۔

اس کے اندر کام کے تمام زمروں میں 30 فیصد MWBE معاہدے کرنے کے ہدف کو مدِنظر رکھتے ہوئے پورٹ اتھارٹی کے عزم کو آگے بڑھانے کے لیے پروگرامنگ کرنا، اور اس ٹرمینل پروجیکٹ سمیت، JFK کے نو ترقیاتی پروگرام کے تمام پہلوؤں میں مقامی کاروباروں کے لیے مواقع پر خصوصی توجہ مرکوز رکھنا شامل ہے، جسے مکمل پروجیکٹ-مزدور معاہدے کے تحت مزدور یونین کی جانب سے تعمیر کیا جائے گا۔ کونسل کی طرف سے کمیونٹی کے دیگر ترقیاتی اقدامات، جن کو ترجیح دی گئی ہے، ان میں مقامی رہائشیوں کے لیے ملازمت کے مواقع اور افرادی قوت کی ترقی کے پروگرامز، چھوٹے کاروبار کی پہنچ اور ترقی، اور مقامی طلباء کے لیے تعلیمی پروگرامنگ پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418